02/10/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*....... گاندھی جینتی کے موقعہ پر بابائے قوم کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے ملک بھر میں تقاریب کا اہتمام // راج گھاٹ پر مختلف مذاہب کی دعائیہ مجالس منعقد ۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی لوگوں سے گاندھی جی کا عدم تشدد اور رواداری سے متعلق نظریہ اپنانے کی اپیل ۔

*....... وزیر داخلہ امت شاہ نے کیا GST بچت اُتسو کے تحت کھادی اشیاءرعایتی نرخوں پر فروخت کئے جانے کے سلسلے کا آغاز ۔

اور

*....... ملک بھر میں جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے دسہرہ کا تہوار ۔

مہا تما گاندھی

ملک بھر میں آج با بائے قوم مہا تما گاندھی کو اُن کے156ویں جنم دن کے موقعے پر خراج عقیدت ادا کیا گیایہ دن گاندھی جینتی کے نام سے منایاجاتا ہے۔

اس سلسلے میں آج دن بھر کئی تقریبات کا اہتمام ہوا جبکہ قومی راجدھانی میں راج گھاٹ پر سبھی مذاہب کی ایک دعائیہ مجلس کا اہتمام ہوا۔

رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مو دی، CPصدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ لوک سبھا سپیکر اوم برلا اور مکانات و شہری امور کے وزیر منوہر لال نے آج سویرے راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نظر کئے۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی نے بھی مہا تما گاندھی کی خدمات کو یاد کر تے ہوئے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو ان کے جنم دن پر خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے نظریات آج بھی پوری انسانیت کے لئے مشعل راہ ہیں اور یہ سماج کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ عدم تشدد ، سچائی، برداشت اور رواداری سے متعلق بابائے قوم کے نظریے کو اپنائیں ۔

سرینگر میں گاندھی جینتی کے موقعے پر طلباءاور اساتذہ کی یوٹی سطح کی SKICC ایل جی آج ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

.......................

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی گاندھی جینتی کے موقعہ پر بابائے قوم مہاتما گاندھی کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔

مونیکا

بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے جموں یونیورسٹی میں لاءسکول کی سینئر فیکلٹی ممبر ڈاکٹر مونیکا نارنگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

-------------

IGP

کشمیر وی کے بردی نے گاندھی جینتی اور دسہرہ کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دیتے IGP ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

ضلع خراج

گاندھی جینتی کے موقعہ پر وادی میں آج صوبائی اور ضلع صدور مقامات پر بھی تقریبات کا اہتمام ہوا جس دوران آنجہانی گاندھی جی کو خراج عقیدت ادا کیا گیا ۔

لال بہادر شاستری

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت کے سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کو بھی ان کے جنم دن پر خراج پیش کیا ہے۔ اپنے الگ الگ بیانات میں انہوں نے کہا ہے کہ لال بہادر شاستری ایک عظیم سیاستدان اور سچے انسان تھے جنہوں نے اپنی ساری زندگی ملک و قوم کو وقف کی تھی ۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ نے بھی سابق وزیر اعظم کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

مہاتما گاندھی خراج

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی آنجہانی مہاتما گاندھی کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ گاندھی جی نے ہمیشہ عدم تشدد ، مساوات اور رواداری کو فروغ دیا ہے ۔

اِدھر سرینگر میں کانگریس پارٹی کے صدر دفتر پر ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ نے کی۔ تقریب کے دوران آنجہانی گاندھی جی کو خراج عقیدت ادا کیا گیا ۔ پارٹی کے سینئر لیڈر غلام احمد میر اور ایم ایل اے نظام الدین بٹ نے بھی تقریب سے خطاب کیا ۔

جنتا دل یونائٹڈ کے صدر جی ایم شاہین نے بھی گاندھی جینتی کے موقعہ پر گاندھی جی کو خراج عقیدت ادا کیا ۔ انہوننے لوگوں کو دسہرہ کی بھی مبارک باد پیش کی ہے ۔

مہیلا مورچہ

بابائے قوم مہاتما گاندھی اور سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کے جنم دن کے سلسلے میں بی جے پی جموں کشمیر کی مہیلا مورچہ کے اہتمام سے مورچہ کی پردیش صدر ایڈوکیٹ نیہا مہاجن کی سربراہی میں ایک پروگرام منعقد ہوا ۔ کھادی گرام اُدیوگ ریزڈنسی روڑ جموں میں منعقدہ اس پروگرام میں پارٹی کے کئی لیڈروں نے شرکت کی ۔

GST

اصلاحات لاگو ہونے کے بعد کیمیائی کھادیں، قابل تجدید توانائی میں کام آنے GST ملک میں نئی والی مصنوعات اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں استعمال ہونے والے دھاگے بھی سستے ہو گئے ہیں۔ اس تعلق سے پیش ہے یہ پیغام۔

------Jingle------

امت شاہ

مہاتما گاندھی کی جنیتی کے موقعے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلی کے کھادی بچت اُتسو کے تحت پورے ملک میںکھادی اشیاءرعایتی نرخوں پر GST گرام اُدیوگ بھون میں فروخت کرنے کے سلسلے کاآغاز کیا۔

................

کھادی مہو تسو 2025 کے دوران آ ج سے لے کر 5 نومبر تک صارفین کو کھادی ملبوسات پر 20 فیصد ، جبکہ کھادی اشیاءپر 10 فیصد کی رعایت دی جائے گی۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے آج حلقہ انتخاب نو ر آباد کے ننڈی مرگ لنگ کھل میں آتش زنی سے متاثرہ کنبوں کو2لاکھ40ہزار روپے کے امدادی چیک پیش کئے ۔انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ حکومت مصیبت کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن امداد فراہم کی جائے گی ۔اس موقعے پر ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ ملازمین کو جلد ان کی تنخواہ مل جائے گی -NHM بات کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے قبائلی اقدار کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے فوری اور اجتماعی اقدامات کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ قبائلی اقدار کا پیر پنچال خطے میں رہائش پذیر برادریوں کی شناخت پر دیرینہ اثرات ہیں ۔ وہ آج مینڈھر پونچھ میں ساگرہ کے مقام پر منعقدہ ٹرائبل میلے سے خطاب کر رہے تھے جس کا اہتمام قبائلی امور کے محکمے مقامی انتظامیہ کے اشتراک سے کیا تھا ۔

سفینہ بیگ

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل بارہمولہ کی چیر پرسن سفینہ بیگ اور ایم ایل اے واگورہ کریری عرفان حفیظ لون نے کوہلن واگورہ میں گورنمنٹ مڈل اسکول کیلئے نئی عمارت کا افتتاح کیا ۔اس موقعے پر سفینہ بیگ نے کہا کہ ضلع میں اب تک مختلف اسکیموں کی عمل آوری پر160کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ ۃ

سیوا پروکے عنوان سے خصوصی سیریز میں آج ہم وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت مینحکومت کی طرف سے نکسل واد کے خاتمے اور شمال مشرقی ریاستوں مینتعمیر و ترقی کے نئے دور سے متعلق اقدامات کو اُجا گر کر رہے ہیں۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

------REPORT-------

پولیس سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت جموں کشمیر پولیس کے اہتمام سے آج بڈگام ، بانڈی پورہ ، اننت ناگ اور سوپور میں صفائی مہمات کا اہتمام ہوا جن میں پولیس کے اعلیٰ افسروں نے شرکت کی ۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور نے پاکستان کے آئر ڈیفنس کی کمزوریوں کو بے نقاب کرتے ہوئے بھارت کی فیصلہ کن صلاحیتوں کو آشکار کر دیا ہے۔

اس بات کا اظہار انہوں نے وجے دشمی کے موقعے پر گجرات کے بُجھ ملٹری اسٹیشن پر کیا جہاں انہوں نے شستر پوجا میں حصہ لیا۔

....................

IICT

انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی سرینگر نے سلک کارپٹ وِونگ ٹریننگ پروگرام شروع کیا ہے۔ اس حوالے سے IICT سرینگر کے ڈائریکٹر زُبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------------

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........................

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک سماجی کارکن بٹ بلال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------------

پولیس منشیات

پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے بارہمولہ اور بڈگام سے پانچ ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے ۔ ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے ۔

وجے دشمی

ملک بھر میں آج وجے دشمی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار بھگوان رام کی راون پر جیت کے طور پر منایا جا تا ہے جوکہ بُرائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے۔دسہرہ کے موقعے پر آج مندرونمیں خصوصی تقاریب کا اہتمام ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ، کا بینہ وزیر ستیش شرما اور کئی اہم شخصیات نے عوام کو وجے دشمی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

اشوک کول

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے اہتمام سے آج جموں میں مقامی دستکاروں خاص کر مٹی کے برتن بنانے والوں کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں پارٹی کے کئی لیڈروں نے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے کہا کہ پارٹی وزیر اعظم نریندر مودی کے منتر " ووکل فار لوکل " کو اپناتے ہوئے دستکاروں کی خوشحالی اور ترقی کے لئے مناسب اقدامات کرتی رہے گی ۔

آرٹفیشل افزائش

ایک اہم پیش رفت کے تحت محکمہ شیپ ہسبنڈری نے شمالی کشمیر کے بانڈی پورہ ضلع میں قائم کرنے Frozen Semen Unit بھیڑ بکریوں کی آرٹفیشل افزائش کے لئے اپنی نوعیت کا پہلا کا اعلان کیا ہے ۔ اس بات کا اظہار محکمے کے کشمیر صوبے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رفیق احمد شاہ نے آج بانڈی پورہ کے دورے کے دوران کیا ۔ انہوں نے اس ضمن میں قائم کی گئی لیبارٹری کا بھی معائینہ کیا ۔

SIE

سٹیٹ انسٹیچوٹ آف ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ٹریننگ کی جانب سے سرکاری سکولوں کے ہیڈ آف کے لئے منعقد کیا گیا پانچ روزہ کپیسٹی بلڈنگ پروگرام آج بمنہ سرینگر میں اختتام institutions پذیر ہوا ۔

اختتامی سیشن کی صدارت اکیڈمِک یونٹ ہیڈ شکیل احمد نے کی جبکہ فیکلٹی ممبر مطہرہ حنیف نے کلیدی خطبہ دیا ۔

پولیس ہندواڑہ

پولیس نے کرالہ گنڈ ہندواڑہ کے پالپورہ
گاو

ں میں پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں مقیم نذیر احمد گنائی نامی ملی ٹنٹوں کے ایک اعانت کار کی ۓ جائیداد کو سر بمہر کر دیا ہے ۔

پروگرام

میڈیکل کالج و ہسپتال JVC شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ اور اس سے منسلک میں دستیاب طبی سہولیات اور ان میں بہتری لانے کی غرض سے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام کا پہلا حصہ آج رات دس بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہو گا ۔

پروگرام میں ڈائریکٹر سکمز پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر ۔

فوج

کھیل کود کے وسیلے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کی غرض سے فوج نے کپواڑہ کے میدان چمپئن شپ کا اعلان کیا ہے۔ اس ٹورنا Fencing میں جنرل بپن راوۓت Vajr Fencing Node اعظم منٹ کے انعقاد میں فوج کو جموں کشمیر فینسنگ ایسو سی ایشن کا اشتراک حاصل ہے اور یہ تین سے پانچ اکتوبر تک جاری رہے گا ۔ اس ٹورنامنٹ میں کل 9ٹیمیں حصہ لیں گی۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 26 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6بج کر 12 منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ